انجمن بہبودی مریضاں ڈنمارک و پاکستان کے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اقبال کی مظہر چودھری سے ملاقات

بلیک برن (جہلم نیوز ڈاٹ کام) انجمن بہبودی مریضاں ڈنمارک و پاکستان نے ضلع جہلم میں کئی فلاحی منصوبہ جات کامیابی کے ساتھ مکمل کر لئے ہیں اور کئی ایک تکمیل کے مراحل میں ہیں، انشاءاللہ عوام کے تعاون سے وہ بھی جلد مکمل ہو جائیں گے، ان خیالات کا اظہار تنظیم کے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اقبال نے بلیک برن میں جہلم نیوز ڈاٹ کام کے ایڈیٹر مظہر اقبال چودھری سے ملاقات کے دوران کیا، انھوں نے کہا کہ جہلم نیوز ڈاٹ کام کی ٹیم نے ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا ہے ہم ان کے مشکور ہیں کہ ہماری فلاحی سرگرمیوں کی بھرپور پریس کوریج کی جاتی ہے اس اخبار کے ذریعے ہماری کارکردگی سے اندرون ملک اور بیرون ملک عوام کو آگاہی ہوتی ہے، انھوں نے کہا کہ اقبال آئی بلاک دینہ سول ہسپتال میں بے شمار مستحق افراد کی آنکھوں کا مفت آپریشن کیا جا چکا ہے اور انشاءاللہ یہ سلسلہ جاری رہے گا، ایڈیٹر جہلم نیوز کے ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ ہم جہلم میں خواتین کی بہبود کے بھی پراجیکٹ چلا رہے ہیں جن میں دستکاری سکول، کمپیوٹر ٹریننگ اور زچہ بچہ سنٹر شامل ہے، اس ضمن میں ہم نے مدوکالس ساگری روڈ پر قطعہ زمین حاصل کر لیا ہے، بہت جلد اس پر کام کا آغاز ہو جائے گا جہاں پر خواتین کو دستکاری اور کمپیوٹر کی تعلیم دی جائے گی جبکہ وہاں پر ایک فری زچہ بچہ سنٹر بھی قائم کیا جائے گا، اس ملاقات کے موقع پر مسعود راہی، حاجی محمود احمد اور حاجی مسعود احمد بھی موجود تھے، آخر میں مظہر اقبال چودھری نے حاجی محمد اقبال کی دینہ اور جہلم کی عوام کے لئے گراں قدر فلاحی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ آپ ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، غریب اور مستحق افراد جنھوں نے انجمن بہبودی مریضان کے ذریعے مفت علاج معالجے کی سہولیات سے استفادہ کیا ان کی دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ رہیں گی